© rasailojaraid.com



**تصریحات:** از سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ۔ مرتبہ سلیم منصور خالد۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز' اردو بازار لاہور۔ طبع ششم ۱۹۹۴ (اضافوں کے ساتھ)۔ صفحات ۵۳۸۔ قیمت ۹۰ روپے۔

سید مودودیؒ اسلامی جمعیت طلبہ کے خاص مربی تھے۔ انھوں نے جمعیت کے چھوٹے بڑے اجتماعات میں وقتاً فوقتاً بیسیوں بین الاقوامی' سیاسی' معاشی' تعلیمی' معاشرتی اور تنظیمی امور و مسائل پر طلبہ سے خطاب کیا اور ان کے سوالوں کے جواب دیے جو عملی میدان میں کام کرنے والوں کے لیے بصیرت اور رہنمائی کا بے بہا خزینہ ہیں۔ سلیم منصور خالد نے سید مرحوم کی زندگی ہی میں ان کی تقریروں اور گفتگوؤں پر مشتمل زیر نظر مجموعہ مرتب کر کے شائع کیا تھا۔ اب اس کے نئے ایڈیشن میں کچھ نیا لوازمہ شامل کیا گیا ہے۔ "تصریحات" کا موضوعاتی تنوع قاری کے لیے دلچسپی کا باعث ہے اور نئی نسل کی رہنمائی کے لیے یہ ایک مفید اور موثر کتاب ہے۔ اس میں شامل مفصل اشاریے نے کتاب کی اہمیت کو دو چند کر دیا ہے۔

(رفیع الدین ہاشمی)

---

**سارا جہاں ہمارا:** از سلیم فاروقی۔ ناشر: اسمٰعیل میرٹھی اکیڈمی' محمدی کالونی ۸ – سی فیڈرل بی ایریا کراچی۔ صفحات ۱۴۲۔ قیمت ۶۰ روپے۔

بچوں کے لیے لکھنے کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی ایک علامت اسکول کے بچوں کے لیے سلیم فاروقی کے یہ سات ڈرامے ہیں جو اسلامی تاریخ کے اہم واقعات و شخصیات' مثلاً: محمد بن قاسم' صلاح الدین ایوبی' ٹیپو سلطان وغیرہ پر اس طرز پر لکھے گئے ہیں کہ انھیں اسکولوں میں اسٹیج بھی کیا جا سکے۔ ان ڈراموں کا مواد مستند اور تاریخی پس منظر حقیقی ہے اور کردار تاریخ کے مطابق ہیں۔

"یہ ڈرامے جذبہ ایمانی کی آبیاری کرنے والے ہیں۔ مسلمان آج جس دور سے گزر رہے ہیں اس میں ضرورت ہے کہ ان کی نئی نسل کے جذبات کی تہذیب اس طرح کے ڈراموں سے ہو۔ سلیم فاروقی اس سے قبل بچوں کے لیے نظموں کے دو مجموعے بھی شائع کر چکے ہیں۔ (م – س)

---

© rasailojaraid.com